# سوال

(332) کیابچے ہوئے کھانے کو کوڑا کرکٹ میں دالنا جائز ہے ؟

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ بچے ہوئے کھانے کو کارٹون وغیرہ میں ڈال کر سڑک پر رکھ دیتے ہیں تاکہ جانور کھالیں مگر جب صفائی کرنے والے آتے ہیں تو وہ اسے اٹھا کر کوڑا کرکٹ میں ڈال دیتے ہیں سوال یہ ہے کیابچے ہوئے کھانے کو کوڑا کرکٹ میں ڈالنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واجب یہ ہے کہ کھانا کھانے کے لئے فقیروں کو دے دیا جائے ،اوراگر فقیر موجود نہ ہوں تو اسے دور کسی ایسی جگہ رکھ دیا جائے جہاں اس کی بے حرمتی نہ ہو اوراسے جانور کھا لیں اوراگرایسا ممکن نہ ہو تو اسے کارٹون یالفافوں وغیرہ میں ڈال دیا جائے اوربلدیہ کو چاہیئے کہ وہ اپنے عملہ صفائی کواس بات کا پابند کرے کہ وہ ان لفافوں وغیرہ کو صاف جگہوں پر رکھ دیں تاکہ جانور کھالیں یا لوگ اپنے جانوروں کو کھلانے کے لئے لے لیں اوراس طرح کھانے کو بے حرمتی اورضیاع سے بچایا جاسکتا ہے ۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

## صفحہ 419

## محدث فتویٰ